CAREERINDIA

**SL. No : DD**

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 63 ]
Total No. of Questions 63 ]

**CCE PF**
**CCE PR**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 8
[ Total No. of Printed Pages 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U** **Code No. : 12-U**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು
# Subject : First Language – URDU

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Fresh & Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 23. 03. 2018 ] [ Date : 23. 03. 2018
ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 125 ] [ Max. Marks : 125

یہاں سے کاٹئے

**TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER**

اس طرف سے کاٹ کر سوالی پرچہ کھولئے

Tear here

## عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 63 سوالات ہیں۔

2. اس سوالی پرچہ کو سر بمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA



## PART-A/حصّہ-الف

درج ذیل سوالات کے جوابات **ایک** جملے میں لکھئے : 15 × 1 = 15

1. حضورؐ نے کس ناقہ پر سوار ہو کر حج ادا کیا ؟
2. آدا جعفری نے بدایوں کی خیریت کس سے دریافت کی ؟
3. احمد نگر کی جیل میں پنڈت نہرو نے کس کی مدد سے اُردو سیکھی ؟
4. حجتہ الوداع کے موقعہ پر مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی ؟
5. ہر فرد اور ہر قوم کا پیدائشی حق کیا ہے ؟
6. پرنسپل کی وصیت کے مطابق آنکھیں کس کو دی گئیں ؟
7. یمین الدین آگے چل کر کس نام سے مشہور ہوئے ؟
8. نمازِ عشق کے نصاب سے کیا مطلب ہے ؟
9. اوس کونسا کام انجام دیتی ہے ؟
10. نظم ''جگنو'' میں شاعر کو کس نے پالا تھا ؟
11. مچھر اپنے آپ کو کیا کہتا ہے ؟
12. کونسا عقیدہ ہر مذہب میں موجود ہے ؟
13. امیر خسرو کے پسندیدہ پھل کونسے تھے ؟
14. ''سرحدوں کا جال'' نظم کے شاعر کون ہیں ؟
15. رباعی کس لفظ سے بنا ہے ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 12 × 2 = 24

16. مصنف نے برسبیل تذکرہ لالہ کرپاشنکر جی سے کیا کہا ؟

17. زعفران کی اچھی نشوونما کے لئے کونسا موسم سازگار ہوتا ہے ؟

18. مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟

19. زعفران میں کون کونسے کیمیاوی اجزاء پائے جاتے ہیں ؟

20. شاعر بچپن کے بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہتا ہے ؟

21. سرحدیں انسانی زندگی اور ترقی میں کس طرح رکاوٹ بنتی ہیں ؟

22. بہار کے آنے سے پہاڑوں میں کیا تبدیلی آئی ؟

23. رُباعی کی تعریف بیان کیجئے۔

24. پرنسپل بھرت نارائن کی ساری زندگی کس کام میں گذری ؟

25. موسمِ بہار میں چڑیاں کیا کرتی ہیں ؟

26. بلدیہ والے کیا کیا کام کرتے ہیں ؟

27. دوسرے دن صبح اُٹھتے ہی مصنف کے پڑوسی نے کیا کیا ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 8 × 3 = 24

متن کے حوالے سے تشریح کیجئے :

28. ''ہم کہیں گے کہ آپؐ نے خدا کا پیغام پہنچا دیا اور اپنا فرض ادا کر دیا۔''

29. ''اگر کسی نے اس ہانڈی کو ہاتھ بھی لگایا تو اچھا نہیں ہوگا۔''

30. ''خدا ایک ہے ہم اس کے بندے بھی ایک ہیں۔''



www.careerindia.com

CAREERINDIA



ذیل میں دئے گئے دو نثر نگاروں میں کسی **ایک** کا تعارف لکھئے :

31. (i) مولانا ابوالکلام آزاد (ii) سید سلیمان ندوی

کسی **ایک** شاعر کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھئے :

32. (i) میر انیسؔ (ii) علّامہ اقبالؔ

ذیل میں دئے گئے اشعار کا مطلب آسان الفاظ میں لکھئے :

33. یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے
قطرے میں سمندر ہے، ذرّے میں بیاباں ہے

34. ذرا سا تو دل ہوں، مگر شوخ اتنا
وہی ''لن ترانی'' سنا چاہتا ہوں

35. ہنگامہ زارِ عشق میں کیا کچھ نہیں ہوا
پھولوں سے نرم لوگ بھی پتھر میں ڈھل گئے

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین** یا **چار** جملوں میں لکھئے : 2 × 3 = 6

36. ایامِ جاہلیت کے رسم و رواج کے تعلق سے حضورؐ نے کیا ارشاد فرمایا ؟

37. مرثیہ کسے کہتے ہیں ؟ اسکی قسمیں کون کونسی ہیں ؟

ذیل میں دئے گئے سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 4 × 4 = 16

38. پنڈت جواہر لال نہرو کی اُردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھئے۔

39. امیر خسرو کو دو عظیم تہذیبوں کے درمیان ایک پل کیوں کہا گیا ؟

**یا**

حضورؐ نے حجتہ الوداع کی تیاریاں کس طرح کیں ؟

40. اپنی نصابی کتاب میں شامل ''حمد'' یا ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار لکھئے۔

41. کسی **ایک** نظم کا خلاصہ لکھئے :

(i) رشوت (ii) جگنو



www.careerindia.com

CAREERINDIA



## PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں : 10 × 1 = 10

42. وہ علم جس کے ذریعے شعر کا وزن یا ارکان کی تکرار معلوم کی جاتی ہے۔

A) علمِ تقطیع B) علمِ عروض

C) علمِ بحر D) علمِ رمل

43. مفرد جملے کی قسمیں ہیں۔

A) خبریہ اور انشائیہ B) مطلق اور ملتف

C) اسمیہ اور فعلیہ D) مفرد اور مرکب

44. غزل کے آخری شعر کو کہتے ہیں۔

A) مطلع B) مقطع

C) بیت الغزل D) حُسنِ مطلع

45. مرکب مطلق جملے کی قسمیں ہیں۔

A) دو B) تین

C) چار D) پانچ

46. کلام میں کسی دو الگ چیزوں کو اُن کی مشترک صفت کی بناء پر ایک دوسرے کی مثال دی جاتی ہے تو اُسے کہتے ہیں۔

A) تشبیہہ B) تضاد

C) استعارہ D) تکرار

47. ''ممبئی جدّت پسند شہر ہے۔'' اس جملے میں فعل ناقص یہ ہے۔

A) ممبئی B) جدّت پسند

C) شہر D) ہے

48. ذیل میں سابقہ کی نشاندہی کیجیے۔

A) لازوال B) عیدگاہ

C) دولت مند D) زمیندار

49. وہ نظم جس کے مصرعوں میں ارکان گھٹتے اور بڑھتے رہتے ہیں۔

A) پابند نظم B) آزاد نظم

C) مختصر نظم D) مسلسل نظم

www.careerindia.com

CAREERINDIA



50. واحد اور جمع کے لحاظ سے غیر موزوں لفظ الگ کیجئے۔

A) واقعات B) حالات

C) اثرات D) برسات

51. ان میں مرکب جملہ کونسا ہے ؟

A) عورتوں کے معاملے میں خدا سے ڈرو۔ B) تمہارا حق عورتوں پر ہے اور عورتوں کا حق تم پر ہے۔

C) خدا کے سوا کوئی معبود نہیں۔ D) اپنے غلاموں کے حق میں انصاف کرو۔

پہلے دو لفظوں میں جس طرح کا جوڑ ہے اسی طرح کا جوڑ تیسرے لفظ کے لئے لگائیے : 4 × 1 = 4

52. حمد : اللہ تعالیٰ کی تعریف :: نعت : .................۔

53. آغاز : انجام :: آقا : .................۔

54. نبی : انبیاء :: ولی : .................۔

55. شاعرِ انقلاب : جوش ملیح آبادی :: طوطیٔ ہند : .................۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 3 × 2 = 6

56. جملہ اسمیہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

57. جملہ خبریہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

58. فعلِ متعدی کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 2 × 3 = 6

59. مضمون کسے کہتے ہیں ؟ اسکے اجزاء کون کونسے ہیں ؟

60. صنعت استعارہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

یا

صنعت تلمیح کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔



www.careerindia.com

CAREERINDIA



## PART-C/ حصّہ - ج

61. اپنے میر معلم/ میر معلّمہ کے نام ایک خط لکھیے جس میں سند تبادلہ (T.C.) کی درخواست کی گئی ہو۔ 　$1 \times 5 = 5$

**یا**

اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھیے جس میں سالانہ امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

62. کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھیے : 　$1 \times 5 = 5$

(i) قومی یکجہتی

(ii) موبائیل فون کے فائدے اور نقصانات

درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر مطلوب جوابات مختصر لکھیے : 　$4 \times 1 = 4$

63. سابق صدر جمہوریہ ہند ڈاکٹر ابوالفاخر زین العابدین عبدالکلام کا شمار دنیا کے عظیم ترین سائنسدانوں میں ہوتا ہے۔ اہلِ ہند انہیں بابائے میزائیل کہتے ہیں۔ وہ پہلے ہندوستانی مسلمان سائنسدان ہیں جنہیں ''پدم بھوشن''، ''پدم وبھوشن'' اور ''بھارت رتن'' سے نوازا گیا۔ عبدالکلام نے اپنی ملازمت کی ابتداء 1958ء میں ماہانہ 250 روپئے تنخواہ پر بحیثیت سنئیر سائنٹفک اسسٹنٹ سے کی۔ 1968ء میں عبدالکلام نے ''انڈین راکٹ سوسائٹی'' نامی ادارہ قائم کیا۔ ان کا محبوب ترین میزائیل ''اگنی'' تھا جس سے ان کا خواب شرمندہ تعبیر ہوا۔

سوالات :

(i) اہلِ ہند عبدالکلام کو کیا کہتے ہیں ؟

(ii) ڈاکٹر عبدالکلام کو کون کونسے خطابات سے نوازا گیا ؟

(iii) 1968ء میں عبدالکلام نے کونسا ادارہ قائم کیا ؟

(iv) ڈاکٹر عبدالکلام کا محبوب ترین میزائیل کونسا تھا ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



www.careerindia.com